Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 25 Short Questions Preparation

Q1. بحری بیمہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بحری بیمہ ایسامعاہدہ ہے جس میں بیمہ کمپنی ایسے تمام نقصانات کو پورا کرنے کی ذمہ داری قبول کرتی ہے جو سمندری خطرات کی بنا پر بیمہ کروانے والے کو برداشت کرنا پڑتے ہیں.

Q2. خطوط کتنی اقسام کے ہوتے ہیں؟

Ans 1: 1.نجی خطوط 2.کاروباری خطوط 3. سرکاری خطوط

Q3. سرکاری خط میں حوالہ نمبر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سرکاری خط میں سب سے پہلے خط کا حوالہ نمبر دیا جاتا ہے تاکہ سابقہ اور آئندہ خط و کتابت سے اس خط کا رابطہ رہے اوراس کے ذریعے خط کو آسانی سے مستقل محفوظ کیا جا سکے.

Q4. گشتی مراسلہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ خط بہت سے کاروباری افراد کو لکھا جاتا ہے یہ اعلان یا تشہیر کی نوعیت کا ہوتا ہے گشتی مراسلہ کی زبان شائستہ اور موثر ہوتی ہے. یہ مراسلہ

Ans 2: کاروبار شروع کرتے وقت

Ans 3: کاروبار کے اختتام پر

Ans 4: جب نیا حصہ دار شریک ہو.

Ans 5: جب ایجنٹ کی تقرری کی جائے.

Q5. نجی خط کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسے خط جو ذاتی یا گھریلو امور کے سلسلے میں یا بیھجے یا وصول کیے جاتے ہیں نجی خطوط کہلاتے ہیں.

Q6. کاروباری مراسلت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: دوسرے کاروباری اداروں سے مال کی قیمت،مال کی تقسیم،قیمت کی ادائیگی اور دیگر کاروباری شرائط سے متعلق معلومات حاصل کرنا کاروباری مراسلت یا خط و کتابت کہلاتی ہے.

Q7. خطوط کی اقسام کون سی ہیں؟

Ans 1: خطوط کی اقسام درج ذیل ہیں. 1.ذاتی خطوط 3.کاروباری خطوط 3.سرکاریخطوط

Q8. پیشکش کے خط سے کیا مراد ہے

Ans 1: ایسا خط جو مال فروخت کرنے والا شخص دریافتی خط کے جواب میں تحریر کرتا ہے اس کو کوٹیشن بھی کہتے ہیں. اس خط کو دو عدد کاپیاں تیار کی جاتی ہیں. اور اصل کاپی تاجر کو ارسال کردی جاتی ہے جبکہ دوسری کاپی ریکارڈ میں محفوظ کرلی جاتی ہے.

Q9. خط کی اقسام بیان کریں.

Ans 1: ذاتی یا نجی خط

Ans 2: کاروباری خط

Ans 3: سرکاری خط

Q10. دریافتی خطوط سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسے خطوط ہیں جو کسی ادارے کو خریداری سے قبل مختلف معلومات مثلاً مال کی موجودگی ،معیار قیمت ادائیگی،مال کی فراہمی کا اور ترسیل کے ذرائع وغیرہ کی تفصیلات معلوم کرنے کے لیے لکھے جاتے ہیں،دریافتی خطوط کہلاتے ہیں.